Directorate of Education GNCT Delhi-54

Mid Term Practice Question Paper

Session: 2026-27

Class-VIII

Sub: Urdu- I

Time: 2:30 Hrs M.M.60

سوال 1۔ درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔ 5x1=5

شہد کی مکھیوں کا چھتّہ ایک حیرت انگیز معاشرتی نظام کی مثال ہے۔ اس چھتے میں ہزاروں مکھیاں ایک منظم زندگی گزارتی ہیں۔ ان میں ایک ''ملکہ مکھی'' ہوتی ہے جس کا کام صرف انڈے دینا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ کچھ ''نر مکھیاں'' ہوتی ہیں۔ یہ مکھیاں انتہائی محنتی اور وفادار ہوتی ہیں۔ وہ اپنے چھتے کی حفاظت کے لیے جان بھی دے دیتی ہیں۔ شہد انسان کے لیے ایک بہترین غذا اور شفا ہے، جس کا ذکر مذہبی کتابوں میں بھی ملتا ہے۔ مکھیوں کا یہ تعاون اور محنت انسانی معاشرے کے لیے ایک سبق آموز مثال ہے۔

(i) شہد کی مکھیوں کا چھتّہ کس چیز کی مثال ہے؟

a۔ ایک افراتفری کے نظام کی
b۔ ایک غیر منظم زندگی کی
c۔ ایک حیرت انگیز معاشرتی نظام کی
d۔ ایک تنہائی پسند گروہ کی

(ii) ملکہ مکھی کا بنیادی کام کیا ہوتا ہے؟

a۔ پھولوں سے رس چوسنا
b۔ چھتے کی حفاظت کرنا
c۔ شہد بنانا
d۔ صرف انڈے دینا

(iii) کام کرنے والی مکھیاں سارا دن کیا کرتی ہیں؟

a۔ آرام کرتی ہیں
b۔ پھولوں سے رس چوس کر شہد بناتی ہیں
c۔ ملکہ مکھی کی حفاظت کرتی ہیں
d۔ نر مکھیوں سے لڑتی ہیں

(iv) مکھیاں اپنے چھتے کی حفاظت کے لیے کیا کرتی ہیں ؟

a ۔ڈر کر بھاگ جاتی ہیں　　　b۔چھتّہ چھوڑ دیتی ہیں

c۔جان دے دیتی ہیں　　　d۔شور مچاتی ہیں

(v) اِس عبارت کے مطابق شہد کی مکھیوں کا تعاون اور محنت انسانی معاشرے کے لیے کیا ہے ؟

a۔ایک معمولی بات　　　b۔ ایک سبق آموز مثال

c۔ایک غیر ضروری عمل　　　d۔ایک پریشان کن سرگرمی

سوال2۔ درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔ 5x1=5

کیسی ہے پیاری پیاری، اُردو زباں ہماری
پھولوں کی جیسے کیاری، اُردو زباں ہماری

پھولے پھلے ہمیشہ ، باغِ جہاں میں یارب
ہو ہر زباں پہ جاری، اُردو زباں ہماری

بھارت ہے اس کا مسکن، بھارت ہے اس کا گلشن
بھارت کی ہے دلاری ، اُردو زباں ہماری

(i) اس نظم میں شاعر کس زبان کا ذکر کر رہا ہے ؟

a۔اردو　　　b۔ ہندی

c۔ سنسکرت　　　d۔تیلگو

(ii) اردو زباں کس کی دلاری ہے ؟

a۔ جاپان　　　b۔ بھارت

c۔ روس　　　d۔ دبئی

(iii) 'گلشن' کے معنی بتایئے۔؟

a۔ ماحول　　　b۔ دنیا

c۔ عزت　　　d۔ باغ

(iv) ہماری اردو زباں کیسی ہے؟

a۔ آم کے باغوں جیسی　　　b۔ پھولوں کی کیاری جیسی

c۔ درخت کے پتوں جیسی　　　d۔ پیڑ پودوں جیسی

(V) اس نظم میں شاعر نے اردو زبان کے لئے کس جذبے کا اظہار کیا ہے؟

a۔ نفرت　　　b۔ خوف

c۔ محبت اور فخر　　　d۔ حیرت

سوال 3۔ درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔　　　5x1=5

نمک ہماری زندگی کے لیے قدرت کا ایک انمول تحفہ ہے۔ اس کا استعمال اکثر ضروری اور تاثیر لا محدود ہے۔ نمک ہماری غذا کا اہم جز ہے۔ ہمارے جسم میں بھی کئی قسم کے نمک (Salt) اور معدنیات (Minerals) پائے جاتے ہیں جن کی کمی یا زیادتی صحت کے لیے نقصان دہ ہو سکتی ہے۔ آنکھ سے گرنے والے آنسو، لعاب دہن، رگوں میں دوڑتے ہوئے خون، جسم کے پسینے اور مختلف رطوبتوں میں نمک ہوتا ہے۔ غرض کہ نمک نہ صرف غذا کے ذائقے بلکہ جسمانی اور ذہنی صحت کے لیے بھی ضروری ہے۔ ہماری زبان، کردار، چہرے، جذباتی رشتوں اور وفاداریوں میں بھی نمک بطور استعارہ استعمال ہوا ہے۔

(i) نمک ہماری غذا میں کیا حیثیت رکھتا ہے؟

(a) غیر ضروری جز (b) اہم جز (c) نقصان دہ جز (d) ثانوی جز

(ii) نمک کو کس چیز کا انمول تحفہ کہا گیا ہے؟

(a)انسان کا (b)قدرت کا (c)سمندر کا (d)زمین کا

(iii) درج ذیل میں سے کس چیز میں نمک موجود ہوتا ہے؟

(a)آنسو (b) پانی (c) ناخون (d) دانت

(iv)نمک غذا کے علاوہ کس کے لیے بھی ضروری ہے؟

(a) صرف جسمانی صحت (b) صرف ذہنی صحت (c) جسمانی اور ذہنی صحت (d) صرف ذائقے کے لیے

(v) ہمارے جسم میں نمک کے علاوہ کیا پایا جاتا ہے؟

(a) وٹامنز (b) پروٹین (c) معدنیات (d) چکنائیاں

سوال4 درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔ 5x1=5

کرتے ہیں مسافر کو محبت سے اشارے

اے وادی گنگا، تیرے شاداب نظارے

یہ بکھرے ہوئے پھول، یہ نکھرے ہوئے تارے

خوشبو سے مہکتے ہوئے دریا کے کنارے

یہ چاندنی رات اور یہ پر خواب فضائیں

اک موج طرب کی طرح بے تاب فضائیں

سبزے کا ہجوم اور یہ شاداب فضائیں

مہکے ہوئے نظارے ہیں بہکے ہوئے تارے

(i) شاعر وادیِ گنگا کے نظاروں کو کیسا قرار دیتا ہے؟

(a) ویران (b) شاداب (c) خشک (d) سنسان

(ii) مسافروں کو محبت سے اشارے کون کرتا ہے؟

(a) پہاڑ (b) دریا (c) وادیِ گنگا کے نظارے (d) پرندے

(iii) شاعر نے فضاؤں کو کس کے مانند قرار دیا ہے؟

(a) موجِ طرب (b) سمندر (c) بادل (d) زمین

(iv) اس نظم میں رات کو کیسا دکھایا گیا ہے؟

(a) تاریک (b) چاندنی رات (c) طوفانی (d) بارش والی

(v) شاعر نے وادیِ گنگا کے نظاروں کو کس جذبے سے دیکھا ہے؟

(a) نفرت (b) غصہ (c) محبت اور مسرت (d) افسوس

سوال 5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 5

(i) دلی کی تاریخی عمارتیں (ii) یوم آزادی (iii) عیدالفطر

سوال 6۔ دوست کی بہن کی شادی میں شرکت کے لئے پرنسپل صاحب/صاحبہ کے نام تین دن چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 5

یا

اپنی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں بتاتے ہوئے والد کے نام خط لکھیے۔

سوال 7۔ دی ہوئی ہدایات کے مطابق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5x2=10

(i) 'صائمہ نے مشکل حالات میں صبر کیا'۔ درج ذیل جملے میں کون سا فعل استعمال ہوا ہے نشاندہی کیجیے۔

(فعل حال، فعل مستقبل، فعل ماضی)

(ii) کوئی دو الفاظ کی متضاد لکھیے۔

جاں باز، پختہ، حقیقت، متحرک

(iii)ایسے الفاظ جو تلفظ یا املا کے لحاظ سے تو ایک جیسے ہوں، مگر معنی کے اعتبار سے مختلف ہوں۔۔۔۔۔۔ کہلاتے ہیں۔(صنعت تجنیس، صنعت تجسیم)

(iv)دیے گئے الفاظ سے لاحقے الگ کر کے لکھیے۔

سبزی خور، مددگار، پناہ گاہ، فکر مند۔

(v) کوئی دو الفاظ کے مترادف لکھیے۔

عدل، مشقّت، سکونت، رُقعہ

سوال8۔ نیچے دیے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3x3=9

(i) اشفاق اللہ خاں کی کردار سازی میں ان کی والدہ کا کیا رول تھا؟

(ii) سادھو کا بادشاہ کو اپنے پاس روکنے کا سبب کیا تھا؟

(iii) نیشنل پارک میں رینجرس(Rangers) کس کام کے لیے تعینات کیے جاتے ہیں؟

(iv) نام دیو اپنے پودوں کی دیکھ بھال میں کیا کیا جتن کرتا تھا؟

سوال9۔ نیچے دیے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3x2=6

(i) ریل کس طرح پیڑوں پر سیماب چھلکاتی ہے؟

(ii) کسان دنیا کو خوش حال کس طرح بناتے ہیں؟

(iii) نظم میں ریل کے سفر کو زندگی کے سفر سے کس طرح تشبیہ دی گئی ہے؟

(iv) 'بیدار ہوا' سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

سوال10۔مثال کے مطابق درج ذیل نیشنل پارکوں کاان کے علاقوں سے جوڑ ملایئے۔ 5x1=5

| | |
|---|---|
| 1- جم کاربٹ نیشنل پارک | کرناٹک |
| 2- کازی رنگا نیشنل پارک | کیرلہ |
| 3- گیر نیشنل پارک | اترا کھنڈ |
| 4- پیری یار نیشنل پارک | گجرات |
| 5۔ باندی پور نیشنل پارک | آسام |